09/01/2025

09.20 AM (5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج بھو بنیشور میں پرواسی بھارتیہ دِوس کنونشن میں شرکت کریں گے ۔ وہ بھوبنیشور کے جنتا میدان میں کنونشن کا با ضابطہ افتتاح کریں گے ۔ امید ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو بھی آج شام بھوبنیشور پہنچ کر کل کنونشن کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گی ۔ یہ تین روزہ کنونشن کل شروع ہوا تھا ، جس میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور نوجوانوں کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویہ خاص طور پر موجود رہے۔

جاوید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ سرکار نے قبائلی طبقوں کے وگوں کی فلاح و بہبود کے ئے کئی ساری اسکیمیں شروع کی ہیں جن کی بدو ت ان طبقوں کے ئے سماجی بنیادے ڈھانچے ، صحت ، تعلیم اور روزگار کے مواقعے پیدا ہو رہے ہیں ۔وزیر موصوف سِول سیکریٹریٹ جموں میں منعقدہ افسروں کی ایک میٹنگ میں قبائلی ہوسٹلوں کی کارگزاری کا جائزہ لے رہے تھے ۔ اس موقعے پر محکمے کے سیکریٹری Prasanna راما سوامی نے وزیر کو جموں کشمیر میں ٹرائبل ہوسٹلوں کے کام کاج سے متعلق تفصیلی جانکاری دی ۔

ستیش شرما

خوراک ، شہری رسدات اور عوامی تقسیم کاری کے وزیر ستیش شرما نے نئی د ی میں مرکزی وزیر پر ہاد جوشی سے ملاقات کر کے ان سے امور صارفین ، عوامی تقسیم کاری اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں سے جُڑے بعض معاملات پر تباد ہ خیال کیا ۔ ستیش شرما نے مرکزی وزیر سے Solarisation سکیم کو مزید دو سال تک بڑھانے کی استدعا اور معاملات کے علاوہ جموں

کی ۔ پرلہاد جوشی نے موصوف کی گزارشات کو ہمدردانہ طور سننے کے بعد انہیں یقین دہانی کرائی کہ اجا گر کئے گئے معاملات پر عمل در آمد کیا جائے گا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اتل ڈلو نے تمام محکموں کے انتظامی سیکریٹریوں کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے ان سے جموں کشمیر سرکار میں کام کرنے والے ملازمین کی ترقیوں اور تعیناتی کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا ۔ چیف سیکریٹری نے متعلقہ محکموں کو ڈیپارٹمنٹل پرموشن کمیٹی کی میٹنگیں با قائدگی سے منعقد کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سبھی ملازمین ترقیوں کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی ترقیوں کا عمل آسان بنایا جا نا چاہئے ۔

منشیات

جموں کشمیر پولیس منشیات کی لعنت کے خلاف لگاتار کاروائیاں کر رہی ہے ۔ بارہمولہ پولیس نے //سرفراز احمد ڈار ساکن کرالہ ہار بارہمولہ //معراج الدین شیخ ساکن دُدرن// اور جہانگیر احمد شاہ ساکن تکیہ واگورہ نامی تین سمگلروں کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے منشیات بر آمد کرلی ہیں۔

ادھر سرینگر پولیس نے منشیات سے جڑے ایک ریکٹ کو طشت از بام کر کے برتھنہ کراسنگ پر ایک گاڑی سے8 کلو گرام ہیروائن کے ساتھ کپواڑہ ضلع سے تعلق رکھنے والے دو سمگلروں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ایس ایس پی سرینگر امتیاز حسین نے بتایا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں منشیات کی اس مقدار کی قیمت قریب 32 کروڑ روپے ہے۔

کلا کیندر

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کی وزارت کی طرف سے تین جنوری سے آج یعنی نو جنوری تک منعقد کردہ قومی یکجہتی کیمپ میں بیس ریاستوں سے تعلق رکھنے والے دو سو سے زائدNSS یعنی نیشنل سروس اسکیم کے رضاکاروں نے حصہ لیا ۔ کلا کیندر جموں میں منعقدہ 2025 کے اس کیمپ کا موضوع ” خواتین کو با اختیار بنانا اور ناری شکتی “ہے ، جس دوران جموں کشمیر کے مالا مال فنون اور ثقافت کا جشن منایا جا رہا ہے ۔

پارلیمانی کمیٹی

ایک ملک ایک الیکشن سے متعلق دو بلوں پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرپرسن اور BJP کے پارلیمانی رکن پی

پی چودھری نے کہا کہ کمیٹی ،تمام متعلقہ فریقین کو سننے کی کوشش کرے گی ،خواہ وہ قانونی ماہرین ہوں، سول سوسائٹی، عدلیہ یا سیاسی پارٹیوں کے ممبران ہوں۔ انھوں نے مزید کہا کہ تمام اراکین کی رائے حاصل کرنے کے بعد کمیٹی اس سلسلے میں مزید پیش رفت کے بارے میں فیصلہ کرے گی۔

تعزیت

وزیر اعظم نریندر مودی نے ریٹائرڈ حوالدار بلدیو سنگھ کے فوت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی پیغام میں انہوں نے آنجہانی کو عزم و استقلال کا ایک مجسمہ قرار دیا ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نوشہرہ جموں کے رہنے والے بھارتی فوج کے سبکدوش حوالدار بلدیو سنگھ کے فوت ہونے پر سوگوار کنبے سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ□ین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔ اُدھر سرینگر سونہ مرگ روڈ پر بیکن حکام کی طرف سے گرین سگنل ملنے کے بعد ہی ٹریفک کو چلنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کےلئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ